جیسا کہ درخواست فارم میں درج ہے کہ ہر حکمت عملی کے تحت آپ کا ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے۔ آپ اپنی سرمایہ کاری مرضی کے مطابق یونٹس کی خریداری کی صورت میں مختص کر سکتے ہیں۔ یہ حکمتِ عملی اُن شرکاء کے لئے ہے جو کہ زیادہ جارحانہ خطرہ مول لے سکتے ہیں۔

آپ کچھ شرائط کے ساتھ ایک حکمتِ عملی سے دوسری حکمتِ عملی میں یونٹس منتقل (Switchover) کر سکتے ہیں۔ براہِ مہربانی نوٹ کرلیں کہ سرمایہ کاری میں ہونے والے نقصانات شرکاء کو خود برداشت کرنے ہوں گے اور ساتھ ہی اصل مدت کے مکمل ہونے پر یا شرکت کو چھوڑنے پر اکاؤنٹ کے متوقع رقم میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔

## پلان کی خصوصیات اور شرائط

اہلیت اور رکنیت کی شرائط

شرکاء کی کم از کم عمر کی حد 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 65 سال ہے۔ رکنیت کا دورانیہ 10 سال سے لے کر 85 سال کی عمر تک طویل کیا جاسکتا ہے۔

ضمنی فوائد اُس عمر میں ختم ہوجائیں گے جو ضمنی فوائد میں درج ہے یہ تاریخ کچھ پہلے بھی ہوسکتی ہے لیکن اس کا انحصار دستیاب فوائد کی مدت پر ہے۔

## اضافی ضمنی زرتعاون (ٹاپ-اپ کنٹری بیوشن)

یہ پلان ایک باقاعدہ زرتعاون ادا کئے جانے والا پلان ہے۔ لیکن اگر کوئی شریک چاہے تو اضافی زرتعاون (Top-Up Contribution) فنڈ جمع کرواسکتا ہے جو کہ رکنیت میں یکمشت اضافی زرتعاون (Top-Up Contribution) کی صورت میں ہوگی جو کہ ''ٹاپ-اپ اماؤنٹس'' کہلاتی ہے۔

اضافی ضمنی زرتعاون ادائیگیاں ''ٹاپ-اپ'' کی صورت میں شرکاء کبھی بھی کر سکتے ہیں جسکی کم از کم حد 100,000 روپے ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ اور اس کا زرِتکافل (Sum Covered) سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

مندرجہ بالا تناسب بنیادی تکافل پلان کے زرتعاون (contribution) سے مجموعی فیس کی کٹوتی کے بعد واضح کیے جارہے ہیں۔ اس تناسب سے صرف تبرع چارجز PTF کے لئے منہا کیے جائیں گے۔

## کم از کم بنیادی زرتعاون اور ادائیگی کی میعاد

کم از کم بنیادی زرتعاون (contribution) کی مالیت درج ذیل میعاد میں 18,000 روپے ہے۔

- سالانہ
- ششماہی
- سہ ماہی

کم از کم زرتعاون (contribution) کی میعاد 10 سال ہے۔

## چارجز

| سال | مجموعی زرتعاون |
|---|---|
| 1 | 70% |
| 2 | 25% |
| 3 | 15% |
| 4 | 5% |
| 5 سے زیادہ | کوئی نہیں |
| ٹاپ-اپ | کوئی نہیں |

| | |
|---|---|
| بولی آفر اسپریڈ | 5 فیصد |
| وکالہ الاستثمار فیس | شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.125% ماہانہ |
| مضارب کا حصہ | PTF کی سرمایہ کاری منافع کا 40 فیصد حصہ |
| تکافل آپریٹر کی مینجمنٹ فیس | ہر ماہ زرِتکافل (TABARRU) کا 25 فیصد |
| انتظامی فیس | 125 روپے ماہانہ |
| منتقلی فیس | انویسٹمنٹ فنڈز کے درمیان ہر منتقلی پر 500 روپے |
| مکمل یا جزوی دستبرداری پروسیسنگ فیس | ہر مرتبہ جزوی نکلوانے پر اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے |

## امکانی فوائد کا خاکہ

مندرجہ ذیل مثال ایک ایسے فرد کے لئے امکانی فوائد کا خاکہ پیش کرتی ہیں جس کی عمر ابھی 35 سال ہے جبکہ زرِتکافل (Sum Covered) 500,000 روپے ہے۔ متوقع کیش ویلیو مندرجہ ذیل چارٹ کے مطابق ہے۔

| بنیادی زرتعاون کا% | |
|---|---|
| سال | تناسب |
| 1 | 30% |
| 2 | 75% |
| 3 | 85% |
| 4 | 95% |
| 5 سے زیادہ | 100% |

| سال | سالانہ زرتعاون (contribution) | تخمینی شرح منافع 6% | | تخمینی شرح منافع 8% | | تخمینی شرح منافع 10% | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازا) | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازا) | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازا) |
| 5 | 500,000 | 500,000 | 397,616 | 500,000 | 418,049 | 500,000 | 439,371 |
| 10 | 1,000,000 | 1,029,050 | 0,028,55 | 1,137,363 | 1,136,863 | 1,257,755 | 1,257,255 |
| 15 | 1,500,000 | 1,812,343 | 1,812,343 | 2,117,174 | 2,117,174 | 2,479,732 | 2,479,732 |

یہ بروشر ہے کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ تفصیلی حالات اور شرائط شرکاء کو دیے جانے والے پالیسی ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) میں موجود ہے۔

### انتباہ

اس پروڈکٹ کی انڈر رائٹنگ آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت کی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ کی ضمانت کی ذمہ داری بینک الفلاح یا اس سے وابستہ افراد (affiliates) کی نہیں ہے اور یہ بینک الفلاح کی پروڈکٹ نہیں ہے تاہم آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز ہی تمام شرکاء کو پیش آنے والے واقعات پر طے شدہ ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار / شرکاء کو مکمل طور پر یہ بات سمجھنی اور تسلیم کرنی ہے کہ بینک الفلاح، آئی جی آئی لائف کے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کررہا ہے جو کہ آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز یا اس سے متعلقہ انڈر رائٹنگ، فائدے یا نقصان کی نمائندگی اور / یا کسی بھی صورتحال میں ان سب چیزوں کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار اور جوابدہ نہیں ہے۔ امیدوار تحفظ پلان کثیر المقصد بچت پروڈکٹس میں اپنی ذمہ داری پر حصہ لے سکتا ہے۔ بینک الفلاح کسی بھی صورتحال میں کسی رسک، دعوے، نقصان، کلیم یا صارف کے سرمائے پر اثر انداز ہونے والی کسی بھی چیز کا قانونی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی شریک کے فوائد کی وضاحتی تحریر میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ کیش ویلیو / پارٹیسپینٹ اکاؤنٹس ویلیو اور وہ دیگر فوائد کی رقم واجب ہوتے ہی پوری ادا کردی گئی ہے جبکہ حصہ لینے والوں کی جانب سے دورانِ ممبر شپ کوئی پیسے نکلوائے نہیں گئے اور حاصل شدہ منافع بیان کیے گئے اندازے کے مطابق ہوسکتا ہے۔ منصوبوں سے حاصل شدہ منافع کی سرمایہ کاری طے شدہ گروتھ فنڈز میں کی جائے گی، ضروری نہیں کہ فنڈز کی ماضی کی کارکردگی اس کے مستقبل کی رہنمائی کرسکے۔ فنڈز کی کارکردگی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی اندازہ مستقبل میں اس بات کی طرف اشارہ نہیں کرسکتا۔ اس کا ذمہ دار نہ تو آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز ہوگا اور نہ ہی بینک الفلاح۔ تمام تکافل کلیم، چارجز اور تمام قابلِ ادا رقم کی ذمہ داری صرف آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ جبکہ سروس چارجز اور ٹیکسز وغیرہ ''شیڈول آف چارجز'' اور ٹیکس سے متعلق قوانین اور دیگر متعلقہ اداروں کے مطابق بینک کی جانب سے ویسے ہی لاگو ہوں گے۔

IGI | Life
WINDOW TAKAFUL OPERATIONS
IGI Life Insurance Limited
The Forum, 7th Floor, Suite # 701-713, G-20, Block 9, Clifton, Karachi, 75600. Tel: (9221) 111-111-711
www.igilife.com.pk

111 225 111
bankalfalah.com

# تحفظ تکافل پلان

## بینک الفلاح بینکا تکافل



Bank Alfalah
Islamic
The Way Forward

IGI | Life
WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

اپنے بہتر مستقبل کے لئے کبھی بھی منصوبہ بندی شروع کی جانی چاہیے کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ مستقبل کیسا ہوگا۔ آپ کو کسی بھی نامعلوم صورتِ حال سے مقابلہ کرنا پڑ سکتا ہے جس کو منہ دینے کی لئے تحفظ تکافل پلان آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

تحفظ تکافل پلان کی مدد سے آپ اپنے حالات کے موجب بچت کر کے اس پلان کے لئے رقم ادا کر سکتے ہیں، اس لئے آپ اس پلان کے لئے فوراً فیصلہ کریں کیونکہ مشکلات کبھی بھی دروازہ کھٹکھٹا سکتی ہیں۔


### تکافل کیا ہے؟

تکافل باہمی تعاون اور مدد کے لئے زمانہ قدیم سے رائج اسلامی تصور ہے جس میں شریعہ ایڈوائزرز کی زیرِ نگرانی آج کے دور کی جدید ایکچوریل سائنس انڈر رائٹنگ اور سرمایہ کاری کا تصور شامل ہے۔ یہ شریعہ کے اصولوں کے مطابق ایک دوسرے کی مدد کرنے کا طریقہ ہے تا کہ ناگہانی واقعات سے نمٹا جاسکے۔

### تکافل کے خصوصی نقات مندرجہ ذیل ہیں:

- ممبران سرمایہ کاری کا کچھ حصہ جس کو "زرِشراکت" (Contribution) کہا جاتا ہے باہمی تحفظ کے لئے تبرع (Tabarru') کی بنیاد پر وقف میں جمع کرواتے ہیں۔
- وقف فنڈ کا انتظام تکافل آپریٹر چلاتا ہے جو کہ وکیل کی حیثیت سے پوری ذمہ داری، خبرداری اور دوراندیشی سے ذمہ داری پوری کرتا ہے۔
- کلیمز وقف سے ادا کئے جاتے ہیں۔
- وقف میں اگر کوئی اضافیہ (Surplus) ہو تو وہ سال کے آخر میں اپائنٹیڈ ایکچوری کے مشورے اور شریعہ ایڈوائزر کی منظوری سے شرکاء میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

### تکافل کیسے کام کرتا ہے (وکالہ وقف ماڈل)




آئی جی آئی لائف - ونڈو تکافل آپریشن اور معاشرے میں موجود افراد ایک مشترکہ مقصد کے تحت آگے بڑھتے ہیں اور مستقبل میں آنے والے کسی بھی ممکنہ مسئلے سے تحفظ کے لئے وقف فنڈ میں اشتراک کرتے ہیں جو کہ ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے منظم کیا جاتا ہے۔

### اضافیہ (Surplus) کی تقسیم

تکافل فنڈ کے شرکاء وقف کی شرائط کے مطابق فنڈ کے سرپلس میں حصہ دار ہونگے۔ شریک تکافل کو سرپلس شیئرنگ کی منفرد خصوصیت، پلان کے بنیادی فوائد کے علاوہ حاصل ہوتی ہے۔ ہر سال کے اختتام پر شریعہ ایڈوائزر اور اپائنٹیڈ ایکچوری سے منظوری کے بعد آئی جی آئی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز، PTF میں سرپلس (اگر کوئی ہے) کا تعین کرتے ہیں اور قابلِ تقسیم حصہ شرکاء کو ادا کیا جاتا ہے۔

وقف فنڈ سے سرپلس کا حصہ ممبران کو ان کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں اضافی یونٹس کی شکل میں ادا کیا جائے گا اور یہ اضافی یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو بڑھا دیں گے۔

### تحفظ پلان میں تکافل کے فوائد

**شرکاء کی وفات کی صورت میں فائدہ**

شرکاء کی وفات کی صورت میں شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجودہ مالیت یا زرِتکافل (sum cover) دونوں میں جو بھی زیادہ ہو، اس کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

### بنیادی زرِتکافل (Sum Covered)

بنیادی زرِتکافل (Sum Covered) بنیادی زرِتعاون (Contribution) کا حاصل ضرب ہے جو شرکاء اپنی عمر کے حساب سے منتخب کر سکتے ہیں۔

| عمر | بنیادی شراکت داری کا ضرب حاصل | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 30 |
| 56 تا 60 | 5 | 20 |
| 61 سے زیادہ | 5 | 10 |

### رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر فوائد

رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجودہ مالیت کی رقم بمعہ ٹاپ-اپ اماؤنٹ کی مجموعی مالیت (اگر کوئی ہے) شریک تکافل کو ادا کی جائے گی۔ تمام یونٹس بولی کی قیمت (Bid Price) پر ادا کئے جائیں گے۔

### زرِتعاون کو بڑھانے کا اختیار

اس منصوبے میں زرِتعاون کو بڑھانے (Indexation) کا اختیار آپ استعمال کر سکتے ہیں، جس کے تحت آپ کا زرِشمولیت (Contribution) (بغیر کسی اضافی زرِتکافل (Sum Covered) ہر سال ایک مقرر فیصد کے مطابق بڑھتا رہے گا، جس سے آپ کے PIA کی مالیت تیزی سے بڑھ سکتی ہے اور آپ کو مدتِ تکمیل پر PIA کا بڑھا ہوا فائدہ مل سکتا ہے۔ ایک دفعہ اختیار استعمال کرنے کے باوجود آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اگلی دفعہ اس حق کو استعمال نہ کریں، لیکن اس کے لئے چند شرائط لاگو ہوں گی۔

### مکمل دستبرداری (Surrender)

شرکاء کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ PIA میں موجود اپنے تمام یونٹس ختم کر کے اپنی رکنیت کا اختتام کر سکیں۔ مکمل دستبرداری (Surrender) کی صورت میں، تمام یونٹس بولی کی قیمت (Bid Price) پر ادا کئے جائیں گے اور رکنیت ختم کر دی جائے گی۔ اس مرحلے پر مکمل دستبرداری کی حقیقی لاگت فیس لاگو ہو جائے گی۔

### جزوی دستبرداری (Partial Withdrawal)

شرائط و ضوابط کے ساتھ یہ پلان آپ کو اجازت دیتا ہے کہ آپ رکنیت کی معیاد کے دوران اپنے PIA اکاؤنٹ ویلیو سے محدود تعداد میں یونٹس نکال سکتے ہیں۔

### تکافل پلان میں اضافی اختیاری فوائد (اضافی زرِشراکت ادا کرنے سے مشروط)

**حادثاتی وفات کی صورت میں فوائد:** شرکاء کی حادثاتی موت کی صورت میں بنیادی معاہدے میں شامل ضمنی فائدہ بھی شامل ہوگا جس میں سالانہ بنیادی زرِتعاون کی پانچ گنا مالیت یا دس لاکھ میں سے جو کم ہوگا وہ ملے گا۔

**ضمنی فوائد برائے معافی اقساط مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں (WOC)** : شریک تکافل کی مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک زرِتعاون کی رقم وقف سے ادا کی جاتی رہے گی۔

**اضافی فوائد معاہدہ (ATB)**: اضافی تحفظ معاہدہ شراکت کی موت کی صورت میں خاندان کو اضافی زرِتکافل فراہم کرتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت بنیادی زرِتکافل کے علاوہ اضافی زرِتکافل حادثاتی یا غیر حادثاتی موت کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔

**آمدنی فوائد وفات (IB-Death)** : ماہانہ آمدنی فائدہ کی رقم، شریک تکافل کی وفات کے وقت سے اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک وقف سے ادا کی جاتی رہے گی۔

**آمدنی فوائد معذوری (IB-Disability)** : ماہانہ آمدنی کی رقم، شریک تکافل کی مکمل مستقل معذوری کے وقت سے اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک وقف سے ادا کی جائے گی۔

### زرِتعاون (contribution) کی سرمایہ کاری کہاں کی جاتی ہے؟

آپ کے زرِتعاون (contribution) کی رقم شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری میں لگائی جاتی ہے تا کہ شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) بڑھ سکے۔ آپ کو تین مختلف انداز میں شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی پیش کی جاتی ہیں۔ محتاط، متوازن اور جارحانہ حکمتِ عملی کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

### تکافل محتاط (Conservative) حکمتِ عملی

یہ حکمتِ عملی ایسے شرکاء کے لئے نہایت موزوں ہے جو احتیاط کے ساتھ سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ سرمایہ کاری کو صکوک اور دیگر محفوظ شرعی مالیاتی طریقوں میں مختص کیا جاتا ہے جبکہ اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کم سے کم کی جاتی ہے۔

### تکافل متوازن (Balanced) حکمتِ عملی

اس حکمتِ عملی کے تحت سرمائے میں مسلسل اضافے کے لئے صکوک میں سرمایہ کاری اور میوچل فنڈز (جو کہ اسٹاک میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے) میں مشترکہ طور پر مختص کی جاتی ہے۔

### تکافل جارحانہ (Aggressive) حکمتِ عملی

اس حکمتِ عملی کے تحت سرمائے میں طویل المدت اضافے کے لئے میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے جو کہ زیادہ تر ایکوٹیز (Equities) پر مبنی ہے۔